شفا انٹرنیشنل ہسپتال لمیٹڈ

# نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ معزز اسلام آباد ہائی کورٹ کے مورخہ 26 فروری 2026 کے حکم کے مطابق، جو کمپنیز اوریجنل نمبر 2026/02 میں جاری کیا گیا، شفا انٹرنیشنل ہاسپٹلز لمیٹڈ ("SIHL" یا درخواست گزار نمبر 2") کے اراکین کا ایک غیر معمولی اجلاس عام ("EOGM") کیم اپریل 2026 کو دن گیارہ بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر واقع پطرس بخاری روڈ، سیکٹر H-8/4، اسلام آباد میں منعقد ہوگا، جس میں درج ذیل امور پر غور کیا جائے گا۔

**خصوصی کاروبار:**

اس بات پر غور کرنے اور اگر مناسب سمجھا جائے تو، ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے، درج ذیل قراردادیں منظور کرنے کے لیے، جن کا مقصد دیگر امور کے ساتھ شفا میڈیکل سینٹر اسلام آباد (پرائیویٹ) لمیٹڈ (SMCI یا درخواست گزار نمبر 1) کے تمام کاروبار، بشمول تمام اثاثے، واجبات اور ذمہ داریوں، کو SIHL میں ضم کرنا ہے۔ یہ انضمام اس اسکیم آف امیلگمیشن کے مطابق ہوگا جو اسلام آباد ہائی کورٹ میں جمع کروائی گئی ہے اور جو کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 279 تا 282 اور 285(8) کے تحت ("اسکیم") تیار کی گئی ہے، اور جسے SIHL کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 25 اکتوبر 2025 کو منظور کیا تھا۔

اس اسکیم میں درج ذیل امور شامل ہیں:

(الف) درخواست گزار نمبر 1 کے تمام کاروبار کو درخواست گزار نمبر 2 کو منتقل کرنا اور اس میں ضم کرنا؛

(ب) اس کاروبار کی منتقلی کے عوض، درخواست گزار نمبر 2، درخواست گزار نمبر 1 کے شیئر ہولڈرز کو (سوائے ان حصص کے جو درخواست گزار نمبر 2 پہلے ہی درخواست گزار نمبر 1 میں رکھتا ہے) نئے حصص جاری کرے گا، جس کا تناسب درخواست گزار نمبر 1 کے ہر 1 حصص کے عوض درخواست گزار نمبر 2 کے 0.032 حصص ہونگے؛

(ج) اسکیم کی منظوری کے بعد، درخواست گزار نمبر 1 خودکار طور پر بغیر باقاعدہ اختتامی کارروائی کے تحلیل ہوجائے گا۔

یہ تمام امور اور ان سے متعلقہ ضمنی معاملات اس اسکیم آف ارینجمنٹ کے مطابق ہوں گے جو اسلام آباد ہائی کورٹ اسلام آباد میں جمع کروائی گئی ہے اور جسے درخواست گزار نمبر 1 کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منظور کیا ہے۔

SIHL کے اراکین کی مطلوبہ اکثریت کی طرف سے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 279 تا 283 اور 285(8) کے تحت ("کمپنیز ایکٹ") منظور کی جانے والی قرارداد درج ذیل ہے:

"یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ اسلام آباد میں جمع کروائی گئی اسکیم آف ارینجمنٹ، جو کمپنیز ایکٹ کی دفعات 279 تا 283 اور 285(8) کے تحت تیار کی گئی ہے اور جسے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منظور کیا ہے اور اسے شفا انٹرنیشنل ہاسپٹلز لمیٹڈ ("SIHL" یا درخواست گزار نمبر 2 یا کمپنی") کے اراکین میں تقسیم کیا گیا ہے تاکہ دیگر امور کے ساتھ شفا میڈیکل سینٹر اسلام آباد (پرائیویٹ) لمیٹڈ ("SMCI" یا درخواست گزار نمبر 1") کے تمام کاروبار، بشمول تمام اثاثے، واجبات اور ذمہ داریوں، کو SIHL میں ضم کرنے کے معاملے پر غور کیا جاسکے۔ یہ انضمام اس اسکیم آف امیلگمیشن کے مطابق ہوگا جو معزز اسلام آباد ہائی کورٹ میں جمع کروائی گئی ہے اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 279 تا 282 اور 285(8) کے تحت ("کمپنیز ایکٹ") تیار کی گئی ہے، اور جسے SIHL کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 25 اکتوبر 2025 کو منظور کیا تھا۔

اس اسکیم میں درج ذیل امور شامل ہیں:

(الف) درخواست گزار نمبر 1 کے تمام کاروبار کو درخواست گزار نمبر 2 کو منتقل کرنا اور اس میں ضم کرنا؛

(ب) اس کاروبار کی منتقلی کے عوض، درخواست گزار نمبر 2 درخواست گزار نمبر 1 کے شیئر ہولڈرز کو (سوائے ان حصص کے جو درخواست گزار نمبر 2 پہلے ہی درخواست گزار نمبر 1 میں رکھتا ہے) حصص جاری کرے گا، جس کا تناسب درخواست گزار نمبر 1 کے ہر 1 حصص کے عوض درخواست گزار نمبر 2 کے 0.032 حصص ہوں گے؛

(ج) اسکیم کی منظوری کے بعد درخواست گزار نمبر 1 خودکار طور پر بغیر باقاعدہ اختتامی کارروائی کے تحلیل ہوجائے گا۔

ان تمام امور کے ساتھ ان سے متعلقہ ضمنی معاملات کو بھی اجلاس کے سامنے غور و خوض اور منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا، اور انہیں یہاں منظور اور اختیار کیا جاتا ہے، بشمول وہ تمام ترامیم، تبدیلیاں یا شرائط جو معزز اسلام آباد ہائی کورٹ، اسلام آباد کی طرف سے ضروری قرار دی جائیں۔

مزید قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ ڈاکٹر ذیشان بن اشتیاق، چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/یا کمپنی کا کوئی بھی افسر جسے وہ اس مقصد کے لیے باقاعدہ طور پر اختیار دیں، انہیں انفرادی طور پر اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا امور کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام ضروری کارپوریٹ، قانونی اور ریگولیٹری تقاضے اور رسمی کارروائیاں مکمل کریں۔ کہ وہ کمپنی کی جانب سے تمام ضروری نوٹسز، دستاویزات، فارمز، انسٹرومنٹ اور دیگر کاغذات پر دستخط کریں، انہیں جاری اور فراہم کریں، جو مذکورہ قراردادوں کے سلسلے میں درکار ہوں۔ اسی طرح وہ تمام ریگولیٹری تقاضے بھی مکمل کریں گے، جن میں معزز اسلام آباد ہائی کورٹ اسلام آباد میں مطلوبہ دستاویزات جمع کروانا شامل ہے، تاکہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 279 تا 283 اور 285 کے مطابق اسکیم آف ارینجمنٹ کو نافذ کیا جاسکے۔

بمطابق حکم معزز اسلام آباد ہائی کورٹ اسلام آباد جناب عزیر شفیع ایڈووکیٹ کو SIHL کے غیر معمولی اجلاس عام (EOGM) کے لیے چیئرمین مقرر کیا گیا ہے۔ درج ذیل دستاویزات کی نقول اس EOGM نوٹس کے ساتھ اراکین کو فراہم کی جارہی ہیں: (الف) کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 134(3) کے تحت بیان جس میں اہم حقائق بیان کیے گئے ہیں؛ (ب) کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 281 کے تحت بیان؛ (ج) اسکیم آف ارینجمنٹ۔

بحکم بورڈ

-Sd-

محمد نعیم

کمپنی سیکرٹری

اسلام آباد

10 مارچ 2026

## نوٹ

ا۔ عملی طور پر یا ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ای او جی ایم میں شرکت:

ویڈیو لنک کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ درج ذیل معلومات جلد از جلد muhammad.naeem@shifa.com.pk پر ارسال کریں تاہم کسی تاخیر کی صورت میں بھی اس کام کو غیر معمولی اجلاس عام کے وقت سے 48 گھنٹے قبل یعنی 30 مارچ 2026ء کے دن 11:00 بجے تک مکمل کیا جاسکے۔

| ای میل ایڈریس | موبائل فون نمبر | فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | قومی شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈر کا نام |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

* شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ بروقت رابطے کو یقینی بنانے کے لیے اپنا ایکٹو موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس شیئر کریں

جو اراکین 30 مارچ 2026 یا اس سے پہلے رجسٹرڈ ہیں، انہیں ضروری تصدیق کے بعد کمپنی کی طرف سے واپسی ای میل کے ذریعے زوم ویڈیو لنک بھیجا جائے گا۔ لاگ ان کی سہولت 10:55 سے لے کر میٹنگ کے اختتام تک میسر رہے گی۔

۲۔ حصص کی منتقلی کی بندش:

کمپنی کے حصص کی منتقلی کی کتابیں 25 مارچ 2026 سے کیم اپریل 2026 (بشمول دونوں دن) تک بند رہیں گی۔ اس مدت کے دوران رجسٹریشن کیلئے کوئی منتقلی قبول نہیں کی جائے گی۔ بروز منگل 24 مارچ 2026 کو کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل ماڈل ٹاؤن، لاہور میں کاروباری اوقات کار کے اختتام تک موصول ہونے والی حصص منتقلی کی درخواستوں کو اجلاس میں شرکت اور ووٹنگ کے مقصد کے لئے بروقت سمجھا جائے۔

۳۔ پراکسی کی تقرری:

اس اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل رکن کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنی جگہ کسی دوسرے رکن کو اجلاس میں شامل ہونے اور ووٹ دینے کے لئے اپنی پراکسی کے طور پر مقرر کرے۔ اس مقصد کے لئے موثر ہونے کی غرض سے اجلاس کے انعقاد کے وقت کم از کم 48 گھنٹے قبل اسلام آباد کے سیکٹر H-8/4 میں کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں پراکسی کی اطلاع موصول ہونا ضروری ہے۔ نوٹس کے ساتھ پراکسی فارم منسلک ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ 26 جنوری 2000 کے سرکلر نمبر 1 میں شامل درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

**سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) کے انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے ہدایات:**

**پراکسی کے تقرر کے لئے:**

الف افراد کے معاملے میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد و ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، مندرجہ بالا لوازمات کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔ پراکسی فارم کے لئے دو افراد کی گواہی ہوگی جن کے نام، پتہ اور شناختی کارڈ فارم پر درج ہوں گے۔ فائدہ اٹھانے والے مالکان اور پراکسی دونوں کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔

ب کارپوریٹ اداروں کے معاملے میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی جس میں کارپوریٹ ادارے کی نمائندگی اور ووٹ دینے کے لئے نامزد شخص کے نمونے کے دستخط ہوں گے، کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ پیش کیا جائے گا (بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

۴۔ خصوصی ایجنڈا آئٹمز کے لئے ووٹنگ کا طریقہ کار

مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 اور اس میں ترمیم کے مطابق، اراکین کو غیر معمولی اجلاس (EOGM) میں شامل خصوصی امور پر مذکورہ بالا ضوابط میں بیان کردہ شرائط کے تحت اپنی رائے دہی کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

کمپنی اپنے اراکین کو ووٹنگ کے لئے مندرجہ ذیل طریقہ کار فراہم کرے گی۔

**الف) ای ووٹنگ کا طریقہ کار**

- ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبروں کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جن کے درست موبائل نمبر اور ای میل مقررہ وقت میں کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں دستیاب ہیں۔
- ویب ایڈریس لاگ ان کی تفصیلات ممبروں کو ای میل کے ذریعہ بتائی جائیں گی۔ سیکورٹی کوڈز ایس ایم ایس کے ذریعے ممبران کو میسرز کارپ لنک (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے مہیا کئے جائیں گے۔
- ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخطوں یا لاگ ان کی تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔
- ای ووٹنگ کی سہولت 29 مارچ 2026 کو صبح 09:00 بجے شروع ہوگی اور 31 مارچ 2026 کو شام 5:00 بجے کو بند ہوگی۔ ارکان اس مدت میں کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار جب کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈال دیا جاتا ہے تو اسے بعد میں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

**ب) پوسٹل بیلٹ**

ممبران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ باقاعدہ مکمل اور دستخط بیلٹ شدہ پیپر اجلاس کے چیئرمین کے نام کمپنی کے رجسٹرڈ پتے، شفا انٹرنیشنل ہسپتال لمیٹڈ، پطرس بخاری روڈ، سیکٹر ایچ-ایٹ/فور اسلام آباد کے ذریعے یا ای میل uzair.shafie@live.com پر غیر معمولی اجلاس عام سے ایک یوم قبل یعنی 31 مارچ 2026 کو موصول ہوجائیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط کو شناختی کارڈ پر دستخط کے ساتھ ملایا جائے گا۔

۵۔ پتہ کی تبدیلی:

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتوں میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر دیں۔

۶۔ ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولیات

کمپنیز ایکٹ 2017 میں کمپنیوں سے متعلق قانون کے مطابق سیکشن 132(2) میں اگر کمپنی ان اراکین کی رضامندی حاصل کرتی ہے جو کل دس فیصد یا اس سے زیادہ حصص رکھتے ہیں اور ویڈیو کانفرنس کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کے لیے جغرافیائی محل وقوع پر رہائش پذیر ہیں۔ اس غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم 7 دن پہلے کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کا اہتمام کرے گی، بشرطیکہ اس شہر میں اس طرح کی سہولت دستیاب ہو۔

اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے براہ کرم یہ درخواست کمپنی سیکرٹری کو بھیجیں: **شفا انٹرنیشنل ہاسپٹلز لمیٹڈ، سیکٹر H-8/4، اسلام آباد**

۷۔ اجلاس عام میں ضابطہ اخلاق

کمپنیز ایکٹ 2017 کا سیکشن 215 اور کمپنیز ریگولیشنز 2024 کا ریگولیشن 55 شیئر ہولڈرز کے ضابطہ اخلاق کو درج ذیل طور پر قائم کرتا ہے۔

حصص داران کو ایسے فیصلوں کے لیے انتظامیہ پر اثر انداز ہونے یا براہ راست رابطہ کرنے کی اجازت نہیں ہے جو انتظامیہ کے امور میں رکاوٹیں پیدا کرسکتے ہیں۔ قانون یہ شرط عائد کرتا ہے کہ حصص داران کو ایسا مواد نہیں لانا چاہیے جس سے شرکاء یا ان سہولیات کو خطرہ لاحق ہو، انہیں خود کو ای او جی ایم کے نوٹس میں شامل آرڈر کے نکات تک محدود رکھنا چاہیے اور ایسا رویہ اختیار نہیں کرنا چاہیے۔ جو کسی بھی سیاسی وابستگی کو ظاہر کریں یا دوسرے ممبروں کی مذہبی حساسیت کو مجروح کریں۔ اس کے علاوہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے قانون کے سیکشن 185 کے مطابق اپنے اجلاسوں میں اپنے حصص داران کو کسی بھی شکل میں تحائف تقسیم کرنے کا اختیار نہیں ہے۔

۸۔ اجلاس میں تحائف

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("ایس ای سی پی") نے 9 فروری 2018 کے اپنے سرکلر 2 کے ذریعے، جسے 2025 کے ایس آر او 452(I) کے ساتھ پڑھا گیا ہے کے تحت کمپنیوں کو عام اجلاسوں میں یا اس کے سلسلے میں حصص داران کو کسی بھی صورت یا طریقہ میں تحائف (ٹوکن/کوپن/لنچ/ٹیک وے پیکیجز) تحائف کے بدل یا مراعات فراہم کرنے سے سختی سے منع کیا ہے۔ ایکٹ کے سیکشن 185 کے تحت، اس ہدایت کی کسی بھی خلاف ورزی کو جرم سمجھا جاتا ہے، اور تعمیل کرنے میں ناکام کمپنیوں کو جرمانے کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

۹۔ فیزیکل حصص کو سینٹرل ڈپازٹری میں جمع کرنا:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 اور ایس ای سی پی کی جانب سے 26 مارچ 2021ء کو جاری کردہ مراسلے سی ایس ڈی/ای ڈی/متفرق/2016-639-640 میں شامل ہدایات کے مطابق ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو ایس ای سی پی کی جانب سے مقرر اور اعلان کردہ تاریخ سے بک انٹری فارم میں اتنے عرصے کے اندر تبدیل کرنا ہوگا جو ایکٹ کے نفاذ کی تاریخ یعنی 30 مئی 2017 سے چار برس کے اندر ہو۔

مندرجہ بالا ضرورت کے پیش نظر، فیزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ براہ راست سی ڈی سی کے ساتھ سرمایہ کار کا اکاؤنٹ یا کسی بھی بروکر کے ساتھ کھولیں تاکہ ان کے فزیکل شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کیا جاسکے۔

**کسی بھی سوال یا معلومات کے لئے شیئر ہولڈرز مندرجہ ذیل پتوں، رابطہ نمبروں پر کمپنی یا شیئر رجسٹرار سے رابطہ کرسکتے ہیں:**

| شیئر رجسٹرارز آفس | کمپنی رجسٹرڈ آفس |
|---|---|
| کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ | شفا انٹرنیشنل ہسپتال لمیٹڈ |
| ونگز آرکیڈ، 1-کے، کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور۔ فون نمبر 35916714-42-92+ | سیکٹر ایچ-ایٹ/فور، اسلام آباد فون نمبر 846227-51-92+ |